ٹھاکر پروڈکشن کا

اداکاران

پردیپ کمار۔ انیتا گوہا۔ پران

جیون۔ ادم

قیمت ۱/-

زینت اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱ — پیار کی راہیں کے گانے

گھر والے گھر نہیں ہیں کسی کا ڈر نہیں
دھوم مچا لو ہنس لو گا لو اپنا زمانا ہے
گھر والے گھر نہیں ——

خوب بنے گی مِل بیٹھیں گے جب دو دیوانے
دِل کی دِل سے باتیں ہوں گی قصے نئے پرانے
مست ہوا مستی فضا سماں سہانا ہے
گھر والے گھر نہیں ——

اوپر والے نے سن لی ہے بات ہمارے من کی
کھن کھن کھنکا مورا کنگن
چھن چھن پائل چھنکی
پریت نئی گیت نیا نیا ترانہ ہے
گھر والے گھر نہیں ——

گانا نمبر ۲

لڑکا:۔ دیکھو جی اکیلی آیا نہ کرو
یوں بن کے سنور کے تڑپایا نہ کرو
دیکھو جی اکیلی ——

لڑکی:۔ یوں آ کے ستا کے جلایا نہ کرو
دیکھو جی اکیلی ——

میرے پیچھے کیوں پھرتے ہو مارے مارے

لڑکا:۔ اپنی آنکھوں سے پوچھو

کیوں ہمکو کریں اشارے

لڑکی:۔ جاؤ جی ہمکو ستایا نہ کرو

لڑکا:۔ دیکھو جی اکیلی ——

دیکھو جی ہمارے پیچھے آیا نہ کرو

ذرا سنبھل کر چلنا گوری کہیں پھسل نہ جانا

لڑکی:۔ اپنا آپ سنبھالو پہلے پھر ہمکو سمجھانا

لڑکا:۔ دل پہ یوں بجلی گرایا نہ کرو

لڑکی: دیکھو جی ہمارے پیچھے آیا نہ کرو

چھوڑ دو میرا آنچل جاؤ دنیا بھر کے جھوٹے

لڑکا:۔ اب تو دامن تھام لیا ہے جیتے جی نہ چھوٹے

لڑکی:۔ باتوں سے ہمکو بنایا نہ کرو

لڑکا:۔ دیکھو جی اکیلی ——

لڑکی:۔ دیکھو جی ہمارے پیچھے آیا نہ کرو

لڑکا:۔ دیکھو جی ہمارے پیچھے ——

گانا نمبر ۳

تم سے دور چلے ہم مجبور چلے

پیار بھرے دل مل نہ سکے نیل گگن کے تلے

لڑکی:۔ نہ تیری خطا نہ میری خطا

یہ ہے قسمت کا کھیل

لڑکا:۔ تم بھی چاہو ہم بھی چاہیں
ہو نہ سکے پر میل

لڑکی:۔ میں مجبور ہوئی تم سے دور ہوئی ر
روٹھی ہوئی تقدیر کے آگے کس کا زور چلے

لڑکا:۔ سکھ چین گیا ارمان لٹے
اس پیار کی راہوں میں

لڑکی:۔ وہ پریت میری وہ گیت میرے
ڈھل گئے آہوں میں
لوک لاج کے گھونگھٹ میں رو رو کوئی چلے
تم بن رہ نہ سکیں پر کچھ کہہ نہ سکوں

لڑکا:۔ تم سے دور چلے ہم مجبور چلے

گانا نمبر ۴

سیمی یوں دیکے دھوکا چلی دیوانے کو تو کہاں
سوچا تھا ہوگی شادی ، شادی خانہ آبادی
لیکن قسمت بولی بیٹا
رہے گا کنوارا تو سدا
سیجنی یوں دے کے ——
بڑی تمنا تھی کوئی تو ہمکو باپ کہے گا
تو تو سب کہتے ہیں آخر کوئی آپ کہے گا
پر سندر کوئی نہ لا لو رو رو یوں ہی مرے گا
سیجنی یوں دے کے ——

جاتے جاتے لوٹ لی تو نے دل کی بھری دکان
بھیار تیرا تھا کھوٹا ببیہ ہم بھی بنے نادان
لیکن لٹ کے بھی یہ دل تجھے کو ہی یاد کرے گا
سجنی یوں دے کے ——

گانا نمبر ۵

دو روز میں وہ پیار کا عالم گزر گیا
برباد کرنے آیا تھا برباد کر گیا
بس اتنی سی ہے داستاں بچپن کے پیار کی
دو پھول کھلتے کھلتے ہی گلشن اجڑ گیا
سینے میں جب کسی کے دھڑکتا تھا دل میرا
وہ دن کہاں گئے وہ زمانا کدھر گیا
بے سہارا یاد کا کب تک کوئی جیئے
اے موت آکہ زندگی سے دل ہی بھر گیا

گانا نمبر ۶

گوری گوری بائیں، نیکھی نیکھی ہائے یہ نگاہیں
جان سے مارے جسے بھی چاہیں گوری گوری باہیں
آنکھوں میں حیا دو باتوں میں ٹونا
دل والو دل کو سنبھالو
کھلونا
کبھی تڑپاؤں کبھی ترساؤں۔ہاتھ نہ آؤں میں سرکار
گوری گوری بائیں ——

دے کے ذرا سا جھوٹا دلاسا
یوں ہی کسی کا دیکھوں تماشا
کبھی تڑپاؤں، کبھی رلاؤں۔ پل پل بدلوں رنگ ہزار
گوری گوری باہیں

میری ہے دنیا میرا زمانہ
ایک ہی نظر میں کر دوں نشانہ
ترچھی نگاہیں بانکی ادائیں۔ بچ کے کیسے جائے شکاری
گوری گوری باہیں

گانا نمبر ۔

کورس:۔ دیکھ تیرا پیار مجھے آج پکارے
کرکے تو سنگار جاری پیا کے دوارے
لڑکی:۔ کیسی لگن لاگی کیوں ہر سے اگن جاگی
اے دل بتا تجھ کو کیا ہو گیا
کورس:۔ دیکھ تیرا پیار مجھے آج پکارے
کرکے تو سنگار جاری پیا کے دوارے
لڑکی:۔ تیری ہوں پھر بھی پیا آنے سے مجبور ہوں
ایسی رسمیں ہیں سنسار کی، ہوں پاس پر دور ہوں
ہر گھڑی ہر پہر لاگے دنیا سے ڈر
میرے ساجن نہ مجھ کو بلا
کورس:۔ ڈر نہ سکھی دنیا سے ہنس کے جئے جا
پیار ہی تو زندگی ہے پیار کئے جا

لڑکی :- ماتھے پہ میرے پیا بندیا دمکنے لگی
مانگ میری یہ موتی بھری پھر سے چمکنے لگی
پھول کھلنے لگے دیپ جلنے لگے
کیسی لگن لاگی کیوں پھر سے اگن جاگی
جانے کیسا یہ جادو ہوا
اے دل بتا تجھ کو کیا ہو گیا

گانا نمبر ۵

ہم بھی اس دنیا میں کیا تقدیر لیکر آئے ہیں
اِک خوشی مانگی تو ہم نے سیکڑوں غم پائے ہیں
ہم بھی اس دنیا میں ——
دل کی ہر اک آرزو دل ہی میں گھٹ کر رہ گئی
ہر تمنا ہر خوشی اک اشک بن کے بہہ گئی
کیا گلہ شکوہ ان کا جو قسمت کے ہی ٹھکرائے ہیں
ہم بھی اس دنیا میں ——
زندگی کے دینے والے یہ بھی کیا ہے زندگی
جی رہے ہیں اس طرح جیسے سزا ہے زندگی
کچھ نہ پوچھو اس جہاں نے کیسے دن دکھلائے ہیں
ہم بھی اس دنیا میں ——

ختم شد

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	جین بنگال کا جادو	-/12/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	کامروپ کا جادو	-/12/-
عملیات قلوب	2/-/-	رہنما جادوگری	1/4/-
مکمل جادوگری	2/8/-	نقش سلیمانی	1/-/-
عملیات لچھمی کرن	2/-/-	کالا جادو	4/-/-
اندر جال	1/8/-	مرآتو تنتر	3/-/-
استاد جادوگراں	3/-/-	کوآ تنتر	4/-/-
جادو مسمریزم	2/-/-	کنز الحسین	2/-/-
تعویز سلیمانی	1/-/-	نقش رومانی	-/12/-

محمد رفیع کی تان

مشہور اور ہر دلعزیز پلے بیک سنگر محمد رفیع کے گائے ہوئے گانوں کا لاجواب تحفہ - یہ وہی محمد رفیع ہے جس نے بانو کی امر کہانی گا کر ساری دنیا میں تہلکہ مچا دیا ہے -

قیمت صرف ایک روپیہ

ملنے کا پتہ

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس میں چھپا)